## سوال

(103) اللہ تعالیٰ کو قدرت نہیں کہ مثل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا کرسکے الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مقتیان شرع متین اس بات میں کہ زید کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو قدرت نہیں کہ مثل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا کرسکے اور عمرو کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو قدرت تو ہے مگر موافق اپنے وعدہ کے پیدا نہ کرے گا ان دونوں میں کون سچا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درصورت مرقومہ معلوم کرنا چاہئے کہ زید اپنے قول میں جھوٹا ہے اور دعویٰ اس کا خلاف عقائد مسلمین کے ہے اور عمرو اپنے دعویٰ میں سچا ہے۔ اعتقاد اس کا موافق عقائد اہل سنت والجماعت کے ہے اور اعتقاد زید کا گمراہی ہے اور ایسے شخص کو گمراہ اور اہل بدعت سے سمجھنا چاہئے، ایسے شخص کے کفر اور عدم کفر میں علماء مختلف ہو رہے ہیں اور قریب کفر کے ہونے می کچھ شک وشبہ نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب حررہ سید محمد نذیر حسین عفی عنہ

(سید محمد نذیر حسین، محمد قطب الدین، خواجہ ضیاء الدین، محمد اسد علی، حسبنا اللہ بس حفیظ اللہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد 09 ص 273**

محدث فتویٰ